نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: ۰۳۰۰۵۰۱۲۶۴۰

۱۷ مئی ۲۰۱۱ء

برائے فوری اجراء

۲۰۱۱/۱۰۵

فاٹا کے باشندوں کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے امریکہ اور پاکستان کا اشتراک

جسمانی ڈھال اور سازوسامان سے فاٹا میں سیکورٹی فورس کی استعداد میں بہتری آئیگی

پشاور (۱۷ مئی ۲۰۱۱ء)___ پشاور میں امریکہ کی قائم مقام قونصل جنرل میری رچرڈز اور فاٹا کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری فضل کریم خٹک نے فاٹا لیویز کو حفاظتی سازوسامان کی فراہمی کیلئے ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ اپریل اور مئی کے دوران امریکہ نے فاٹا اور سرحدی علاقوں میں تعینات لیوی فورسز کو مقامی باشندوں کو تحفظ فراہم کرنے کے مشن میں مدد دینے کی غرض سے ۴۳ کروڑ روپے (اکیاون لاکھ ڈالر) مالیت کی جسمانی ڈھالیں، ہیلمٹ اور ڈیوٹی گیئر فراہم کئے ہیں۔

قائم مقام امریکی قونصل جنرل میری رچرڈز نے کہا کہ یہ سازوسامان لیویز کو فاٹا کی آبادی کو تحفظ فراہم کرنے میں مدد دے گا اور اس میں ۴۶۰۰ سے زیادہ جسمانی ڈھالیں اور انفرادی ڈیوٹی کی انجام دہی کیلئے درکار ۱۸۰۰ سیٹ پر مشتمل آلات شامل ہیں۔ اُنھوں نے کہا کہ یہ اعانت حکومت امریکہ کی جانب سے پاکستان کی حکومت کو لیویز فورسز کو ترقی دینے اور دہشتگردی کے خلاف مل کر کام کرنے کیلئے جاری تعاون کے بہت طریقوں میں سے ایک ہے۔

یہ سازوسامان امریکی سفارتخانہ میں تعینات دفاعی نمائندہ برائے پاکستان (اوڈی آر پی) کے دفتر اور شعبہ برائے انسداد منشیات (این اے ایس) کی جانب سے فراہم کیا گیا ہے ۔ امریکی حکومت پاکستان بھر میں قانون نافذ کرنے والے شہری اداروں کو آلات و تربیت اور نئے پولیس تھانوں کی آرائش وزیبائش اور تعمیر میں اعانت فراہم کر رہی ہے۔ گزشتہ سال امریکہ نے شہری قانون کے نفاذ میں مدد دینے کیلئے آٹھ اعشاریہ آٹھ ارب روپے (ایک سو دو اعشاریہ چھ ملین ڈالر) فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا۔

امریکہ کی جانب سے فاٹا اور خیبر پختونخوا کو فراہم کی جانے والی اعانت کے متعلق مزید جاننے کیلئے ہمارے قونصل خانہ کی درج ذیل ویب سائیٹ ملاحظہ کریں: http://peshawar.usconsulate.gov/

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ:http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔